© rasailojaraid.com



**MASSAGE** انگریزی زبان میں ماہنامہ۔ مدیر انتظامی جناب منور حسین۔ مدیر مرتب: قادر شریف۔ بہ اہتمام ادارۂ معارفِ اسلامی کراچی۔ چندہ سالانہ ۸۰/- روپے۔ تازہ شمارہ نومبر (خاص نمبر) کی قیمت ۱۲/- روپے۔ پتہ۔ سی ۱۰/۱۶۳ فیڈرل بی ایریا، کراچی نمبر ۷۵۹۵۰۔ پاکستان۔

مینار پاکستان کے سائے میں جماعتِ اسلامی پاکستان کا جو کل پاکستان اجتماعِ عام منعقد ہوا تھا۔ اس نمبر کا تعلق اس سے ہے۔ اداریے کے علاوہ سب سے پہلے قاضی حسین احمد صاحب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان کا پیغام سامنے آتا ہے۔ پھر ذیل کے مضامین سے خاص نمبر مزین ہے۔ جماعتِ اسلامی کی رپورٹ ۱۹۶۳ء سے ۱۹۸۹ء تک، جماعتِ اسلامی کی تحریک برصغیر پاک و ہند میں، جماعت کا تاریخی کردار اور فتوحات، جماعتِ اسلامی کی تاسیس کیسے ہوئی؟ جماعت اور معاصر سیاسی جماعتیں، مولانا مودودیؒ کے خیالات اہم مسائل کے متعلق، مولانا مودودیؒ کی اسلامی تحریک، اسلام کا تصورِ ایمان، اسلامی نظامِ معیشت میں صرفِ دولت کا منہج، پاکستان کے لیے دفاعی حکمت، شاہ ولی اللہ، اسلامی بنک کا نقشۂ کار، انبیاء علیہم السلام کی پیروی کیسے کی جائے؟ لوگوں کو اسلام کی طرف دعوت دینے کا طریقہ، عالمِ اسلامی کی خبریں، مطبوعات۔

ان مضامین کے مطالعہ سے تحریکِ اسلامی اور جماعتِ اسلامی کو جاننے اور بہ حیثیت مسلمان زندگی بسر کرنے اور مخالفِ اسلام رجحانات کے خلاف جہاد کرنے کے خطوط واضح ہو سکتے ہیں۔

پرچہ مکمل ہو چکنے اور قلیل ترین مہلت کی وجہ سے اس اہم رسالے کے خاص نمبر پر زیادہ بہتر گفتگو نہیں کی جا سکی۔

---

© rasailojaraid.com